17/06/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں۔۔۔اعجازہ اختر

PM

اجلاس کے حاشیے پر آج امریکی صدر ڈونالڈ G7 وزیر اعظم نریندر مودی فرانس میں جاری ٹرمپ کے ساتھ ملاقات کررہے ہیں ۔ دونوں لیڈر باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور علاقائی و بین الاقوامی معاملات پر تبادلہ خیال کرینگے ۔

اس سے قبل وزیر اعظم نے کل اجلاس کے حاشیے پر کئی عالمی لیڈروں کے ساتھ الگ الگ میٹنگس کیں۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ضلع بانڈی پورہ کا دورہ کر رہے ہینجہاں وہ کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے ۔

مفاہمت نامہ

جموں کشمیر حکومت جل جیون مشن کے دوسرے مرحلے کے نفاذ کیلئے وزارت جل شکتی کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کرے گی ۔اس سلسلے میں جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ کابینہ نے اس منصوبے کو منظوری دیدی ہے جس سے فلیگ شپ اسکیم کے دوسرے مرحلے میں جموں کشمیر کی بلا خلل شمولیت یقینی بنے گی ۔

جتندر

پرسنل، عوامی شکایات اور پنشنز کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کل SKICCویں59 سرینگر میں Pre Retirement کونسلنگ ورکشاپ کا افتتاح کیا۔

محکمہ //سبکدوش ہونے والے ملازمین کےلئے اسطرح کے کونسلنگ DOPPWانہوںنے کہا کہ ورکشاپس کا اہتمام کر تا ہے تاکہ ان پنشنروں کے معیار حیات میں بہتری لائی جا سکے۔

محرم

آج سے محرم الحرام کے مقدس مہینے کی شروعات کے ساتھ ہی نئے قمری سال1448ہجری کا آغاز ہو گیا ہے۔ اس مہینے کی 10 تاریخ کو میدانِ کربلا میں نواسہ رسول ﷺ حضرت امام حسین ؑ نے اسلام کی سر بلندی کےلئے اپنی اور اپنے رفقا کی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ۔

آج سے وادی بھر میں عزاداری اور حسینی مجالس کا انعقاد بھی ہو رہا ہے جس دوران کربلا کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔

ستیش شرما

امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے کل سرینگر کے کئی علاقوں کا دورہ کرکے محرم الحرام کے سلسلے مینکئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عزاداروں کیلئے تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

وزیر موصوف نے جھیل ڈل کے اندرونی علاقوں کا دورہ کرکے وہانپر جاری ترقیاتی کاموںکی تنویر صادق اور ضلع انتظامیہ کے کئی سینئر افسران MLA پیشرفت کا بھی جائزہ لیا۔ زڈی بل کے بھی ان کے ہمراہ تھے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے انتظامیہ کے اعلیٰ افسران کی ایک میٹنگ طلب کرکے 21جون کومنائے جانے والے بین الاقوامی یوگا ڈے کیلئے کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔چیف سیکریٹری نے یوگا کے پیغام کو عام کرنے کے ساتھ ساتھ اس مناسبت سے جموں کشمیر کے قدرتی حسن اور سیاحتی وسعت کو بھی فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے یوگا ڈے کی تقریبات کے احسن انعقاد کیلئے مختلف محکموں کے درمیان قریبی تال میل پر زور دیا۔

مکت بھارت ابھیان کے تحت ایک جائزہ میٹنگ TB دریں اثنا چیف سیکریٹری نے پردھان منتری کے خاتمے کی کوششوں کو مزید آگے بڑھانے کی حکمت عملی کو اجا گر کیا -TB میں یوٹی سے

راتھر

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے چاڈورہ کے نیگو برنوار علاقے میں حال ہی میں پیش آئے سڑک حادثے میں جاں بحق ہوئے شخص کے لواحقین کے ساتھ اظہار تعزیت اور ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ اس مشکل وقت میں حکومت متاثرہ کنبے کو ہر ممکن تعاون دینے کی وعدہ بند ہے۔

امت شرما

چیف پرنسپل سینسس آفیسر اور ڈائریکٹر مردم شماری آپریشنز جموں کشمیراور لداخ امت شرما نے پرنسپل مردم شماری آفیسر کپواڑہ شری کانت سوسے کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران کپواڑہ کے تحت جاری ہاؤس لسٹنگ آپریشنز کی پیشرفت کا جائز ہ لیا۔ میٹنگ کے دوران امت CH72 میں شرما نے سائبر فراڈ میں ملوث مجرموں کے خلاف عوام کی بیداری کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

DCسرینگر

سرینگر کے ڈپٹی کمشنر اکشے لابرو نے کھریار حبہ کدل میں واقع بگھوان گوپی ناتھ آشرم میں میں شرکت کی ۔واضح رہے ہر سال وادی کے مختلف Mahayagna حاضری دے کر سالانہ حصوں سے آئے سینکڑوں شردھالووں اس مذہبی تقریب میں شرکت کرتے ہیں۔

DCاننت ناگ

کے یاترا آفیسر بھی ہیں ،نےAxis ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ جو کہ پہلگام گودام میر بازار اور والنٹ فیکٹری قاضی گنڈ میں قائم یاترا ٹرانزٹ کیمپوں کا دورہ کرکے آنے FCI والی شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس دوران انہوں نے شردھالوونکیلئے پینے کے صاف پانی اور طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

DCشوپیان

شوپیان کے ڈپٹی کمشنر ششر گپتا نے ڈسٹرکٹ لیول ٹیلی کام کمیٹی کی ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں ٹیلی کام انفراسٹریچر کی ترقیاتی پیشرفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے شوپیان میں ٹیلی کام کے بنیادی ڈھانچے کو مضبو بنانے اور نیٹ ورک کنکٹیوٹی کو مزید بڑھانے سے متعلق اہم امور پر غور و خوض کیا ۔

نشہ مہم

نشہ مکت جمونکشمیر ابھیان کی سو روزہ مہم کے تحت پلوامہ ضلع میں کئی بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ، جس دوران منشیات سے پاک معاشرے کو فروغ دینے کی کوششوں کو اجا گرکیا گیا۔ان پروگراموں میں منشیات کی لعنت سے نمٹنے کیلئے عوام کے تعاون اور شرکت پر بھی زور دیا گیا ۔